# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON HUMAN RIGHTS ON THE CHILD MARRIAGE RESTRAINT (AMENDMENT) BILL, 2024

I, Acting Chairperson of the Standing Committee on Human Rights have the honour to present this report on the Bill further to amend the Child Marriage Restraint Act, 1929 (XIX of 1929) [the Child Marriage Restraint (Amendment) Bill, 2024] (Private Member's Bill) referred to the Standing Committee on 9th July, 2024.

2. The Committee comprises of the following:-

| | | |
|---|---|---|
| 1) | Mr. Danyal Chaudhary | Member |
| 2) | Syeda Nosheen Iftikhar | Member |
| 3) | Mr. Shamsher Ali Mazari | Member |
| 4) | Ms. Zeb Jaffar | Member |
| 5) | Ms. Zahra Wadood Fatemi | Member |
| 6) | Ms. Asiya Naz Tanoli | Member |
| 7) | Ms. Tamkeen Akhtar Niazi | Member |
| 8) | Dr. Nelson Azeem | Member |
| 9) | Ms. Sehar Kamran | Member |
| 10) | Ms. Shahida Rehmani | Member |
| 11) | Ms. Naz Baloch | Member |
| 12) | Mr. Naveed Aamir | Member |
| 13) | Ms. Sabheen Ghoury | Member |
| 14) | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| 15) | Mr. Ali Muhammad | Member |
| 16) | Mr. Sher Afzal Khan | Member |
| 17) | Mr. Changaze Ahmad Khan | Member |
| 18) | Mr. Mohammad Riaz Fatyana | Member |
| 19) | Mr. Azam Nazeer Tarar, Minister Incharge for Cabinet Secretariat | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at "Annex-A" in its meeting held on 16th October, 2025 and recommended that the Bill may not be passed by the National Assembly.

sd/-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary

sd/-
**(MS. ZAHRA WADOOD FATEMI)**
Acting Chairperson

Islamabad, the 13th Nov, 2025

# AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE

## A

## BILL

*further to amend the Child Marriage Restraint Act, 1929 (XIX of 1929)*

Whereas Article 25(3) of the Constitution ensures that the State may make special provisions for the protection of women and children;

Whereas it is expedient to amend the Child Marriage Restraint Act 1929 (XIX of 1929) for the purpose of curbing the evil of child marriage and save girls from exploitation, sexual abuse and matters ancillary thereto:-

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act may be called as the Child Marriage Restraint (Amendment) Bill, 2024.

   (2) It shall extend to the Islamabad Capital Territory.

   (3) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2 of the Act XIX of 1929.—** In the Child Marriage Restraint Act, 1929 (XIX of 1929) hereinafter referred to as the said Act,-

   (i) in section 2, for paragraph (a) the following shall be substituted;

   "(a) "child" means a person who has not attained the age of eighteen years;"

   (ii) in section 2, after paragraph (c) the following new paragraph (cc) shall be inserted;
   "(cc) "court" means the Family Court established under section 3 of the Family Court Act, 1964 (XXXV of 1964)".

   (iii) in section 2, paragraph (e) shall be omitted.

3. **Insertion of new section in the Act XIX of 1929.** - After section 3, a new section 3A shall be inserted, namely; -

   "**3A. Nikah Registrar to register marriage on production of CNIC etc.** – The Nikah Registrar shall examine the Computerized National Identity Card, Passport or any other document to prove the age of both the parties to the marriage to ensure that none is below eighteen years of age. Attested copies of such documents shall be attached with the Nikah Nama."

4. **Amendment of section 4 of the Act XIX of 1929.—** In the said Act, in section 4,

   (i) In the heading, the figure "twenty one" shall be substituted with the figure "eighteen"; and

   (ii) the phrase "simple imprisonment which may extend to one month, or with fine which may extend to one thousand rupees, or with both" shall be substituted with

the phrase "rigorous imprisonment which may extend to three years but shall not be less than two years and a fine which may extend to two hundred thousand rupees but shall not be less than one hundred thousand rupees".

5. **Amendment of section 5 of the Act XIX of 1929.—** In the said Act, in section 5, the phrase "simple imprisonment which may extend to one month, or with fine which may extend to one thousand rupees, or with both" shall be substituted with the phrase "rigorous imprisonment which may extend to three years but shall not be less than two years and a fine may extend to two hundred thousand rupees but shall not be less than one hundred thousand rupees".

6. **Amendment of section 6 of the Act XIX of 1929.—**
   (i) In the said Act, in section 6, in subsection (1), the phrase "simple imprisonment which extend to one month, or with fine which may extend to one thousand rupees, or with both" shall be substituted with "rigorous imprisonment which may extend to three years but shall not be less than two years and a fine may extend to two hundred thousand rupees but shall not be less than one hundred thousand rupees"; and

   (ii) The proviso shall be omitted.

7. **Substitution of section 8 of the Act XIX of 1929.—** In the said Act, for section 8, the following shall be substituted, namely;-

"8. **Jurisdiction under this Act.—** (1) A Family Court shall be deemed to be as the Judicial Magistrate of the first class under the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) for taking cognizance and trial of any offence under this Act.

(2) A Family Court shall, upon taking cognizance of the case under this Act, decide the case within three months failing which the matter shall be brought by the court to the notice of the District and Sessions Judge concerned for appropriate directions."

8. **Substitution of section 9 of the Act XIX of 1929.—** In the said Act, for section 9, the following shall be substituted, namely;-

"9. **Mode of taking cognizance.**_ The Court or the police, as the case may be, may take cognizance of any offence under this Act:
(a) upon receiving a complaint of facts which constitute such offence;
(b) upon a report in writing of such facts made by any police officer;
(c) upon information received from any person other than a police officer; or
(d) upon his own knowledge or suspicion;
that such offence has been committed or about to be committed which he may try.

Provided that the police, upon taking cognizance of the offence under this Act, shall record information in a manner provided under Section 154 of the Code and submit a report, immediately but not later than twenty four hours, to the family court.

Provided further that such cognizance shall in no case be taken after the expiry of one year from the date on which the offence is alleged to have been committed."

**9. Insertion in section 12 of the Act XIX of 1929.**— In the said Act, in subsection (2) of section 12, after full stop, the following proviso shall be inserted, namely;-

(i) "Provided that the court may dispense with notice for reasons to be recorded in case of urgency or if deemed necessary."

(ii) In subsection 5, for the phrase "imprisonment of either description for a term which may extend to three months, or with fine which may extend to one thousand rupees, or with both' shall be substituted by the phrase "rigorous imprisonment which may extend to three years but shall not be less than two years and a fine which may extend to two hundred thousand rupees but shall not be less than one hundred thousand rupees"; and

(iii) The proviso shall be omitted.

## STATEMENTS OF OBJECTS AND REASONS

1. The Constitution ordains that "The State shall protect the marriage, the family, the mother and the child" and that "There shall be no discrimination on the basis of sex". Further, that the State may make "special provisions for the protection of women and children". Furthermore, having ratified the UN human rights conventions, including the Convention on the Rights of Child, Pakistan is committed to enforce its provisions.

2. The Islamic injunctions also provide for safeguarding the rights and interests of women and children, protecting the institution of marriage and making free consent, a condition-precedent for the validity of marriage.

3. In line with the Constitution, the superior courts have consistently held the view that it is the prime duty of the State to protect the children from abuse and exploitation, and further directed the Government to curb the evil practice of child marriages in vogue in society. The Federal Shariat Court held that enactment like setting minimum age for marriage is not against Quran and Sunnah; rather it is in consonance with injunctions of Islam.

4. Notwithstanding the legal and judicial protection, child marriage is one of the most pressing development challenges in Pakistan today, with approximately 30 percent of girls in the country married off as child brides. The ratio is higher i.e., 37% in rural areas as compared to 21% in the urban belt.

5. The Bill aims to enforce the constitutional rights and to provide protection to children from sexual abuse and exploitation on the pretext of marriage.

Sd/-

**MS. SEHAR KAMRAN**

Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## بچوں کی شادی کا امتناع (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی رپورٹ

میں، قائم مقام چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق ۹ جولائی، ۲۰۲۴ء کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کردہ بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء (نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [بچوں کی شادی کا امتناع (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتی ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | جناب دانیال چوہدری | رکن |
| (۲) | سیدہ نوشین افتخار | رکن |
| (۳) | جناب شمشیر علی مزاری | رکن |
| (۴) | محترمہ زیب جعفر | رکن |
| (۵) | محترمہ زہرا ودود فاطمی | رکن |
| (۶) | محترمہ آسیہ ناز تنولی | رکن |
| (۷) | محترمہ تمکین اختر نیازی | رکن |
| (۸) | ڈاکٹر نیلسن عظیم | رکن |
| (۹) | محترمہ سحر کامران | رکن |
| (۱۰) | محترمہ شاہدہ رحمانی | رکن |
| (۱۱) | محترمہ ناز بلوچ | رکن |
| (۱۲) | جناب نوید عامر | رکن |
| (۱۳) | محترمہ سبین غوری | رکن |
| (۱۴) | جناب گوہر علی خان | رکن |
| (۱۵) | جناب علی محمد | رکن |
| (۱۶) | جناب شیر افضل خان | رکن |
| (۱۷) | جناب چنگیز احمد خان | رکن |
| (۱۸) | جناب محمد ریاض فتیانہ | رکن |
| (۱۹) | جناب اعظم نذیر تارڑ، وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۶/اکتوبر، ۲۰۲۵ء، کو منعقدہ اپنے اجلاس میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ "منسلکہ۔الف" پر موجود بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی پیش کردہ صورت میں بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری جنرل
اسلام آباد، ۱۳ نومبر، ۲۰۲۵ء

دستخط/۔
(محترمہ زہرا ودود فاطمی)
قائم مقام چیئرپرسن

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء (نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء) میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ آئین کا آرٹیکل ۲۵(۳) اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ ریاست خواتین اور بچوں کے تحفظ کے لیے خصوصی اقدامات کرے۔

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء (نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء) میں بچوں کی شادی کی برائی کی روک تھام اور اس ضمن میں لڑکیوں کو استحصال، جنسی ہراسانی اور اس کے ضمنی معاملات سے تحفظ فراہم کرنے کے مقصد کے لیے ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا بچوں کی شادی کا امتناع (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء کی دفعہ ۲ کی ترمیم۔** بچوں کی شادی کا امتناع ایکٹ، ۱۹۲۹ء (نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء)، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، میں؛

(i) دفعہ ۲ میں، پیرا (الف) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

"(الف) "بچہ" سے مراد کوئی فرد ہے جو اٹھارہ سال کی عمر سے کم ہو؛"

(ii) دفعہ ۲ میں، پیرا (ج) کے بعد حسب ذیل نیا پیرا (ج ج) کا اضافہ کر دیا جائے گا:

"(ج ج) "عدالت" سے مراد عائلی عدالت ایکٹ، ۱۹۶۴ء (۳۵ بابت ۱۹۶۴ء) کی دفعہ ۳ کے تحت قائم عائلی عدالت ہے"۔

(iii) دفعہ ۲ میں، پیراگراف (ہ) کو حذف کر دیا جائے گا؛

۳۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء میں نئی دفعہ کی شمولیت۔** دفعہ ۳ کے بعد نئی دفعہ ۳/الف شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"۳/الف۔ **سی این آئی سی وغیرہ کے پیش کرنے پر نکاح رجسٹرار شادی کا اندراج کرے گا۔** نکاح رجسٹرار شادی کیلئے دونوں فریقین کی عمر ثابت کرنے کے ضمن میں کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، پاسپورٹ یا کسی دیگر دستاویز کا جائزہ لے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کوئی بھی اٹھارہ سال کی عمر سے کم نہیں ہے۔ مذکورہ دستاویزات کی مصدقہ نقول نکاح نامہ کے ساتھ منسلک کی جائیں گی۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء کی دفعہ ۴ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ میں،۔

(i) عنوان میں، عدد "اکیس" کو عدد "اٹھارہ" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ii) عبارت ''قید محض جو ایک ماہ تک ہو سکتی ہے یا مع جرمانہ جو ایک ہزار روپے تک ہو سکتا ہے یا دونوں'' کو عبارت ''قید بامشقت جو تین سال تک ہو سکتی ہے لیکن دو سال سے کم نہیں ہو گی اور جرمانہ جو دو لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے لیکن ایک لاکھ روپے سے کم نہیں ہو گا''۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۲۹ بابت ۱۹۲۹ء کی دفعہ ۵ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ میں عبارت ''قید محض جو کہ ایک مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ جو کہ ایک ہزار روپے تک ہو سکتا ہے یا دونوں'' کو عبارت ''قید بامشقت جو کہ تین سال تک ہو سکتی ہے لیکن دو سال سے کم نہیں ہو گی اور جرمانہ جو کہ دو لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے لیکن ایک لاکھ روپے سے کم نہیں ہو گا'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۶۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء کی دفعہ ۶ کی ترمیم۔** (i) مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۶ میں ذیلی دفعہ (۱) میں عبارت ''قید محض جو کہ ایک ماہ تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ جو کہ ایک ہزار روپے تک ہو سکتا ہے یا دونوں'' کو عبارت ''قید بامشقت جو کہ تین سال تک ہو سکتی ہے لیکن دو سال سے کم نہیں ہو گی اور جرمانہ جو کہ دو لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے لیکن ایک لاکھ روپے سے کم نہیں ہو گا'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ نیز

(ii) جملہ شرطیہ حذف کر دیا جائے گا۔

۷۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء کی دفعہ ۸ کی تبدیلی۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کو درج ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''۸۔ **ایکٹ ہذا کے تحت دائرہ اختیار۔** (۱) ایکٹ ہذا کے تحت کسی جرم کی سماعت کیلئے عائلی عدالت مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) کے تحت درجہ اول کی جوڈیشل مجسٹریٹ متصور ہو گی۔''

(۲) ایکٹ ہذا کے تحت معاملے کا نوٹس لینے کے بعد عائلی عدالت تین ماہ کے اندر کیس کا فیصلہ سنائے گی، ناکامی کے صورت میں عدالت یہ معاملہ مناسب ہدایات کے لیے متعلقہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے نوٹس میں لائے گی۔''

۸۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء کی دفعہ ۹ کی تبدیلی۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۹ کو درج ذیل سے تبدیل کیا جائے گا، یعنی:۔

''۹۔ **سماعت کا طریقہ کار۔** عدالت یا پولیس، جو بھی صورت ہو، ایکٹ ہذا کے تحت کسی جرم کی سماعت کر سکتی ہے:

(الف) ایسے جرم کے حقائق سے متعلق شکایت موصول ہونے پر؛

(ب) کسی پولیس افسر کی جانب سے ایسے حقائق سے متعلق تحریری رپورٹ پیش کرنے پر؛

(ج) پولیس افسر کے علاوہ کسی شخص سے کوئی معلومات ملنے پر؛ یا

(د) از خود معلوم ہونے یا شک ہونے پر؛

کہ ایسا جرم کیا گیا ہے یا ہونے والا ہے جس کی وہ کوشش کر سکتا ہے۔

مگر شرط یہ ہے کہ ایکٹ ہذا کے تحت جرم کی سماعت کرتے ہوئے پولیس ضابطے کی دفعہ ۱۵۴ کے تحت دیے گئے طریقہ کار کے مطابق معلومات اکٹھی کرے گی اور چوبیس گھنٹوں کے اندر فی الفور عائلی عدالت کو رپورٹ جمع کروائے گی۔

مزید شرط یہ ہے کہ جرم کا ارتکاب مبینہ طور پر ہونے کی تاریخ سے ایک سال گزرنے کے بعد ایسی سماعت کسی بھی صورت میں نہیں کی جائے گی۔''

۹۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۹ء کی دفعہ ۱۲ میں شمولیت۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۲ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، وقف کامل کے بعد، حسب ذیل جملہ شرطیہ شامل کر دیا جائے گا، یعنی؛

(i) ""مگر شرط یہ ہے کہ عدالت ہنگامی صورتحال میں یا اگر وہ ضروری سمجھے، وجوہات کو ریکارڈ کرنے کے لیے نوٹس دے سکتی ہے۔""

(ii) ذیلی دفعہ ۵ میں، عبارت ""قید جس کی مدت تین ماہ تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ جو کہ ایک ہزار روپے تک ہو سکتا ہے یا دونوں"" کو عبارت ""قید بامشقت جو کہ تین سال تک مگر دو سال سے کم نہیں ہو اور جرمانہ جو کہ دو لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے لیکن ایک لاکھ روپے سے کم نہیں ہوگا"" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ نیز

(iii) جملہ شرطیہ کو حذف کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

(۱) دستور صراحت کرتا ہے کہ ""ریاست شادی، خاندان، ماں اور بچے کو تحفظ فراہم کرے گی"" اور یہ کہ ""جنس کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کیا جائے گا""۔ مزید یہ کہ ریاست ""خواتین اور بچوں کے تحفظ کے لیے خصوصی احکام"" وضع کر سکتی ہے۔ مزید برآں، حقوق اطفال سے متعلق کنونشن سمیت انسانی حقوق سے متعلق اقوام متحدہ کے معاہدوں کی توثیق کرتے ہوئے، پاکستان اس کی دفعات نافذ کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

(۲) اسلامی احکامات بھی خواتین اور بچوں کے حقوق و مفادات کے تحفظ اور شادی کے رواج کی پاسداری اور شادی کے مؤثر ہونے کے لیے کسی دباؤ کے بغیر رضامند ہونے کو لازمی شرط قرار دیتے ہیں۔

(۳) دستور کے مطابق اعلیٰ عدالتیں اس نقطہ نظر پر مصر رہی ہیں کہ بچوں کو استحصال اور زیادتی سے محفوظ رکھنا ریاست کی اہم ذمہ داری ہے اور انہوں نے حکومت کو ہدایت بھی کی کہ معاشرے میں رائج بچوں کی شادی کے برے رواج کو ختم کیا جائے۔ وفاقی شرعی عدالت نے فیصلہ دیا کہ شادی کے لیے کم از کم عمر کے تعین کا قانون قرآن اور سنت کے منافی نہیں بلکہ یہ اسلامی شعائر سے موافقت رکھتا ہے۔

(۴) قانونی اور عدالتی تحفظ کے باوجود دور حاضر میں پاکستان میں بچوں کی شادی ابھرنے والے اہم ترین چیلنجوں میں سے ایک ہے۔ ملک میں تقریباً ۳۰ فیصد لڑکیوں کی بچپن ہی میں شادی کر دی جاتی ہے۔ یہ دیہی علاقوں میں ۳۷ فیصد جبکہ شہری علاقوں میں ۲۱ فیصد ہے۔

(۵) یہ بل شادی کے حوالے سے دستور میں مذکورہ حقوق کے نفاذ اور بچوں کو جنسی زیادتی اور استحصال سے محفوظ رکھنے کی صراحت کرتا ہے۔

دستخط/-
**محترمہ سحر کامران**
رکن، قومی اسمبلی۔